انڈس ہسپتال کی تعارفی تقریب اور شاندار سالانہ مشاعرہ

سہیل فیروز اور ان کی بیگم شہناز فیروز اور اہل خانہ نے مسی ساگا میں اپنے دولت کدہ پر سال نو کے آغاز پر ایک یادگار محفل کا اہتمام کیا

ٹورانٹو (نمائندہ خصوصی) ہر سال کی طرح اس سال بھی انڈس ہسپتال فاونڈیشن کینیڈا کے صدر جناب سہیل فیروز اور ان کی بیگم شہناز فیروز اور اہل خانہ نے مسی ساگا میں اپنے دولت کدہ پر سال نو کے آغاز پر ایک یادگار محفل کا اہتمام کیا اور مہمانوں کی خاطر داری اور میزبانی میں کوئی کسر نہ چھوڑی اس محفل میں خصوصی طور پر انڈس ہسپتال کراچی کے ایکزیکٹیو ڈائرکٹر آف کمیونیکیشن جناب پرویز احمد نے شرکت کی۔ ابتدا میں رضا فیروز نے تلاوت کلام سے تقریب کا آغاز کیا۔ جناب خالد عزیز نے کراچی سے آئے ہوئے مہمان کو انڈس ہسپتال کے بارے میں اظہار خیال کی دعوت دی۔ پرویز احمد صاحب نے کہا کہ موجودہ طبی خدمات کے ساتھ ساتھ توسیع کا کام بھی جاری ہے اور کوشش ہے کہ روزآنہ کی بنیاد پر تقریباً پانچ ہزار پانچ سو مریضوں کو طبی سہولتیں مہیا کی جائیں اسی طرح موجودہ بیڈز کو تین سو سے بڑھا کر ایک ہزار آٹھ سو کیا جارہا ہے۔ انشاءاللہ میڈیکل یونیورسٹی کا قیام بھی اگلا قدم ہے۔ کراچی کے علاوہ رحیم یار خان، لاہور، بدین اور مظفر گڑھ میں بھی ہزاروں اہل وطن اس شاندار اور مفت علاج کی سہولتوں سے فائدہ اٹھا رہے ہیں۔ انڈس کوالٹی ہیلتھ کیر ایک غیر منفعت بخش تنظیم ہے جس کا مقصد غریب اور مستحق افراد کو مہنگے علاج سے بچا کر معیاری علاج معالجہ کی سہولت مفت مہیا کرنا ہے۔ حاضرین سے خطاب کرتے ہوئے پرویز احمد صاحب نے فرمایا کہ وہ دامے درمے سخنے اس ہسپتال سے تعاون کریں اور دوستوں تک اس شاندار ہسپتال کے بارے میں بتلائیں انھوں نے کہا کہ انٹرنیٹ کے اس زمانے میں آپ کہیں بھی بیٹھ کر معلومات حاصل کرسکتے ہیں انڈس ہسپتال کے بارے میں جاننے کے لیے ان کی ویب سائٹ www.indushospital.org.pk سے مفصل معلومات حاصل کی جاسکتی ہیں اور روزافزوں ترقی کا ذاتی طور پر مشاہدہ کیا جاسکتا ہے۔ انڈس ہسپتال کے مقامی صدر اور میزبان جناب سہیل فیروز نے حاضرین کا خیر مقدم کرتے ہوئے ہسپتال کی شاندار کارکردگی کے بارے میں بتلاتے ہوئے کہا کہ جدید ترین مشینوں اور مفت دواوں اور علاج کے ساتھ یہ ایک نعمت سے کم نہیں ہے۔ عام ہسپتالوں کے مقابلے میں کسی بھی معیاری ہسپتال سے اس کا موازانہ کیا جاسکتا ہے جہاں قابل اور اپنے اپنے شعبوں میں ماہر ملک اور قوم کا درد اپنے سینوں میں لیے ڈاکٹرز انتہائی ماہرانہ انداز میں اپنی خدمات پیش کررہے ہیں۔ انھوں نے مخیر حضرات سے اس ضمن میں تعاون کی اپیل کی۔ پرتکلف عشائیہ کے بعد سالانہ محفل مشاعرہ منعقد کی گئی جس کی صدارت انتہائی قابل احترام و مشہور شاعر اور مصنف جناب افتخار حیدر نے فرمائی اور مہمان خصوصی کے طور پر معروف سفیر، شاعر، تجزیہ نگار اور مصنف جناب کرامت غوری کو مدعو کیا گیا۔ میزبانی کے لیے جناب ناظم الدین مقبول کو دعوت دی گئی۔ اس محفل میں جن شعرا نے اپنا کلام سنایا ان میں جناب افتخار حیدر، جناب کرامت غوری، جناب رحمان خاور، جناب منیف اشعر، ڈاکٹر اسد نصیر، محترمہ پروین سلطانہ صبا، جناب جمیل قمر، جناب اثر اکبر آبادی جناب ناظم الدین مقبول، جناب خالد عزیز، محترمہ بینا عزیز، محترمہ شگفتہ صدیقی اور محترمہ عظمیٰ مجاہد شامل ہیں۔ خوبصورت کلام اور باذوق سامعین کی داد وتحسین سے سجی یہ شگفتہ اور معیاری کلام سے سجی محفل نصف شب تک کامیابی سے جاری رہی انتہائی سرد موسم کے باوجود مہمان دور دراز علاقوں سے تشریف لا کر ہمیشہ کی طرح اس سالانہ مشاعرہ کو کامیاب بنایا۔

وفاقی وزیر ریلویز خواجہ سعد رفیق 25 جنوری کو کوہاٹ ایکسپریس کا افتتاح کریں گے

لاہور (آئی این پی) وفاقی وزیر ریلویز خواجہ سعد رفیق 25 جنوری کو کوہاٹ ایکسپریس کا افتتاح کریں گے۔ پاکستان ریلوے نے کوہاٹ۔ راولپنڈی سیکشن پر تمام آپریشنل کام مکمل کرلیا ہے اور کوہاٹ کے عوام سے کیا گیا وعدہ پورا کرنے کے لیے 25 جنوری 2018 کو وزیر ریلوے خواجہ سعد رفیق کوہاٹ کینٹ ریلوے اسٹیشن سے نئی کوہاٹ ایکسپریس ٹرین کا باقاعدہ افتتاح کریں گے اور 26 جنوری 2018 سے یہ ٹرین اپنا سفر شروع کرے گی۔ کوہاٹ ایکسپریس ٹرین کوہاٹ کینٹ سے راولپنڈی کے درمیان چلائی جارہی ہے۔ کوہاٹ کینٹ سے یہ ٹرین روزانہ صبح 7 بجکر 30 منٹ پر روانہ ہوکر براستہ جنڈ، بسال اور فتح جنگ سے ہوتی ہوئی صبح 11 بجے راولپنڈی ریلوے اسٹیشن پہنچا کرے گی اور راولپنڈی سے سہ پہر 3 بجکر 30 منٹ پر روانہ ہوکر فتح جنگ، بسال، جنڈ سے ہوتی ہوئی رات 7 بجے کوہاٹ کینٹ ریلوے اسٹیشن پہنچا کرے گی۔ وزیر ریلویز خواجہ سعد رفیق کی ہدایت پر ایک خصوصی رعائتی پیکج کے تحت اس ٹرین کا کرایہ صرف 160 روپے رکھا گیا ہے تاکہ کوہاٹ کے شہریوں کو حفاظت، سہولت اور رعائیت کے ساتھ سفری سہولتیں فراہم کی جاسکیں۔ وفاقی وزیر ریلویز خواجہ سعد رفیق 25 جنوری کو کوہاٹ ایکسپریس کا افتتاح کریں گے۔

پراسٹیٹ کا بڑھنا اور ہومیوپیتھی (Prostate Enlargement and Homeopathy)

اکشے بنکر

نینا

پچاس سال سے بڑی عمر کے افراد میں پراسٹیٹ کا بڑ جانا عام مسئلہ ہے۔ میرے پاس اس مسئلے دوچار کئی مریض آئے اور وہ اس بیماری سے ناواقف تھے اس لئے میں نے سوچا کہ لوگوں کو بتایا جائے کہ پراسٹیٹ کا بڑھ جانا کیا بیماری ہے اور ہومیوپیتھی کے ذریعے کیسے سرجری کے بغیر اس پر قابو پایا جاسکتا ہے۔

بڑھتی عمر میں جیسے بالوں کا رنگ ہلکا ہوجاتا ہے اسی طرح پراسٹیٹ کا بڑھ جانا بھی قدرتی امر ہے۔ یہ ایک ایسی بیماری ہے جس کے متعدد نام ہیں جن میں پراسٹیٹ کا بڑھ جانا، بینائن پراسٹیٹ ہائپر پلازیا (benign prostate hyperplasia)، بینائن ہائپر ٹرافی آف پراسٹیٹ (benign hypertrophy of prostate) یا سادہ الفاظ میں بی پی ایچ یا بی پی ایچ پی شامل ہیں۔ نیشنل کڈنی اینڈ یورولوجیکل ڈیزیز انفارمیشن کلیئرنگ ہاؤس کے مطابق پچاس سال سے زائد عمر کے افراد میں سب سے زیادہ عام مسئلہ پراسٹیٹ گلینڈ کا بڑھ جانا ہے۔ ساٹھ سال سے زائد عمر کے افراد میں سے ایک تہائی افراد جبکہ پچاسی سال سے زائد عمر کے افراد میں نوے فیصد افراد اس بیماری میں مبتلا ہوتے ہیں۔

علامات (Symptoms)

مردوں کو اس مرض کی صورت میں پیشاب کے اخراج میں مسائل کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ پراسٹیٹ گلینڈ کے بڑھنے کو بی پی ایچ کہتے ہیں جس میں پراسٹیٹ سیلز بتدریج زیادہ ہوتے جاتے ہیں جس کے باعث پراسٹیٹ غدود بڑھ جاتے ہیں اور پیشاب کی نالی پر دباؤ بڑھ جاتا ہے اور مثانے سے پیشاب کے اخراج کیلئے زیادہ دباؤ ڈالنا پڑتا ہے۔

وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ مثانے کے پٹھے سخت، موٹے اور زیادہ حساس ہوجاتے ہیں جس کے باعث مثانے میں کم مقدار میں پیشاب ہونے کے باوجود مثانہ سکڑتا ہے اور بار بار پیشاب کی حاجت ہوتی ہے۔ دوسری جانب پیشاب کی نالی سکڑنے کے باعث مثانہ مکمل طور پر خالی نہیں ہوپاتا اور مثانے میں پیشاب کی کچھ مقدار رہ جاتی ہے۔

پراسٹیٹ کے بڑھ جانے کی علامات میں پیشاب کی رفتار کا آہستہ یا کمزور ہونا، مثانے کے مکمل خالی نہ ہونے کا احساس، پیشاب کے آغاز میں مشکل پیش آنا، بار بار پیشاب کا آنا، پیشاب کے خارج ہونے کا خدشہ، رات میں بار بار پیشاب کا آنا، پیشاب کا رک رک کر آنا، پیشاب کے قطروں کا بار بار آنا، پیشاب کرنے کے کچھ دیر بعد دوبارہ پیشاب کی حاجت پیش آنا شامل ہے

جب مثانہ مکمل طور پر خالی نہیں ہوتا تو مثانے میں انفیکشن کا خطر بڑھ جاتا ہے اس کے علاوہ وقت گزرنے کیساتھ متعدد سنگین مسائل بھی جنم لیتے ہیں جس میں مثانے کی پتھری، پیشاب میں خون کا آنا، کمزوری محسوس کرنا اور پیشاب کا رک جانا شامل ہے۔ اس کے علاوہ بہت ہم کیسز میں بی پی ایچ کے باعث مثانے یا گردے کا ناکارہ ہونے کا خطرہ بھی ہوتا ہے۔

مختلف افراد میں پراسٹیٹ کے بڑھ جانے اور اس کی وجہ سے پیدا ہونیوالے مسائل مختلف ہوسکتے ہیں، کچھ افراد میں پراسٹیٹ دوسرے افراد کی نسبت زیادہ بڑھ سکتا ہے، کچھ افراد کو پراسٹیٹ زیادہ بڑھنے کے باوجود پیشاب میں مشکل پیش نہیں آتی۔ ہر شخص میں پراسٹیٹ کے بڑھنے سے پیدا ہونیوالے مسائل انفرادی نوعیت کے ہوتے ہیں۔

ڈاکٹرز کے پاس آنیوالے بہت سے افراد ایسے ہوتے ہیں جن کے پراسٹیٹ کئی مہینوں یا سالوں سے بڑھے ہوتے ہیں۔ ایسے افراد کو جب رات میں متعدد مرتبہ پیشاب کیلئے اٹھنا پڑتا ہے یا انہیں دوبارہ مشکل پیش آتی ہے تب وہ ڈاکٹر کے پاس آتے ہیں اور انہیں پتا چلتا ہے کہ انکا پراسٹیٹ گلینڈ بڑھ چکا ہے۔

پراسٹیٹ کے بڑھ جانے کے باعث متعدد پیچیدگیاں پیدا ہوسکتی ہیں جس میں پیشاب کرنے میں عارضی رکاوٹ، پیشاب کرنے میں دائمی رکاوٹ ہوسکتی ہے جو انفیکشن، کمزوری (incontinence)، یوریمیا (Uremia)، ہائیڈرو نیفروسس (Hydronephrosis) اور گردوں کے ناکارہ ہونے (Renal Failure) کا باعث بن سکتا ہے۔

علاج (Treatment)

اس مرض کا احتیاطی اقدامات، دوائیوں یا سرجری کے ذریعے کیا جاسکتا ہے۔ اس مرض کے اثرات کو کم کرنے کیلئے خود احتیاطی اقدامات اختیار کرنا سب سے اہم ہے۔

احتیاطی تدابیر (Self care)

طرز زندگی میں کچھ تبدیلیوں سے پراسٹیٹ کے بڑھنے سے پیدا ہونیوالے اثرات کو کنٹرول کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔ شام سات بجے کے بعد پانی پینا چھوڑ دیں تاکہ آپ کو رات کے وقت پیشاب کی حاجت پیش نہ آئے۔ جب بھی آپ پیشاب کیلئے جائیں مثانے کو مکمل طور پر خالی کرنے کی کوشش کریں اور مثانے میں پیشاب نہ رہنے دیں۔ کھڑے ہوکر پیشاب کرنے کے بجائے بیٹھ کر پیشاب کرنا زیادہ بہتر ہوسکتا ہے۔ الکوحل پیشاب کو بڑھاتی ہے اور مثانے میں مسائل کا سبب بنتی ہے اس سے بچیں، اپنا جسم گرم رکھیں اور مستقل ورزش کرتے رہیں۔

ہومیو پیتھک طریقہ علاج (Treatment with Homeopathy)

ہومیوپیتھی میں اس بیماری کا مؤثر علاج موجود ہے۔ ہومیو پیتھی میں بہت سی ادویات ہیں جو بڑھے ہوئے پراسٹیٹ کے علاج کیلئے استعمال ہوتی ہیں۔ بہت سے کیسز میں ہومیوپیتھک ادویات کے استعمال سے مریض آپریشن سے بچ سکتے ہیں۔ ہومیو پیتھک میں اس مرض کا علاج مریض میں موجود علامات کے حساب سے کیا جاتا ہے جس میں سب سے پہلے مریض کے مسائل کو حل کرنا اس کے بعد مرض کی بنیادی وجوہات کو ختم کرنا اور پھر پراسٹیٹ کو واپس اپنی جگہ پر لانے کیلئے علاج کی جاتا ہے۔ ہومیو پیتھک طریقہ علاج کی مدد سے اس مرض میں درپیش تکلیف دہ مسائل جن میں پیشاب کا بار بار آنا، پیشاب کے بہاؤ میں رکاوٹ کا آغاز یا پیشاب کے شروع میں مشکل کا جلد علاج ممکن ہے جو مریضوں کیلئے انتہائی آسودگی کا باعث ہے۔ ہومیو پیتھک ادویات مریض کے تفصیلی معائنے جس میں مرض کی موجودہ علامات، ماضی میں بیماری کی تاریخ، موروثی بیماریاں اور مریض میں پائے جانیوالے ذہنی اور جذباتی علامات کے مطالعے کے بعد دی جاتی ہیں۔ ہومیو پیتھک ادویات پیشاب کے نظام (یوریزی سسٹم) سے فسلک دیگر بیماریوں مثلاً پیشاب کی نالی میں انفیکشن، پیشاب کو کنٹرول کرنے کی صلاحیت کے کمزور ہونے، بستر پر پیشاب نکل جانے، پتھری اور پروسٹیٹ کینسر کے آپریشن کے بعد اس جیسے دیگر مسائل کے علاج میں بھی مؤثر ہیں۔

Akshay Banker
M D (Homoeopathy)
+1 647 868 4340
Nina Banker
M D (Homoeopathy)
+1 647 773 3074

ہومیو پیتھک کلینکس

1] 93, Dundas St. E.,Suite 107, Mississauga, ON. L5A 1W7. [East of Hwy 10 and Dundas,Above Dollarama]
[Monday, Thursday, Friday - 10 am to 5 pm]

2]134, Queen St. E., Suite 203, Brampton, ON. L6V 1B2. [Queen and Centre street]
[Tuesday, Saturday -10 am to 5 pm]

3] 2761, Markham rd., Aum Beauty Clinic, Scarborough, ON. M1X 1L5.[North of Markham and Finch]
[Wednesday - 4 pm to 7 pm]

حجاب پہننے والی لڑکی پر پرتشدد حملے کی رپورٹ سے بہت تکلیف میں ہوں، وائن

ہم متاثرہ لڑکی اور اسکی برادری کیساتھ کھڑے ہیں اور ہر قسم کے امتیاز اور عدم برداشت کیخلاف آواز بلند کرینگے

اونٹاریو (شاف رپورٹر) وزیراعلیٰ کیتھلین وائن کی جانب سے سکاربرو میں مسلمان لڑکی پر حملے کی شدید مذمت کی گئی ہے۔ اپنے مذمتی بیان میں وزیراعلیٰ کیتھلین وائن کا کہنا تھا کہ میں پاؤلین جانسن پبلک سکول کے باہر حجاب پہننے والی لڑکی پر پرتشدد حملے کی رپورٹ سے بہت تکلیف میں ہوں۔ یہ نفرت پر مبنی انتہائی بزدلانہ عمل ہے اور اس طرز عمل کی اونٹاریو میں کوئی جگہ نہیں۔ ایک نامعلوم شخص کی جانب سے کیا گیا مجرمانہ اور گھناؤنا فعل ہماری اقدار کا عکاس نہیں۔ یہ مجموعی طور پر انتہائی قابل مذمت عمل ہے۔ ہم متاثرہ لڑکی اور اسکی برادری کیساتھ کھڑے ہیں اور ہر قسم کے امتیاز اور عدم برداشت کیخلاف آواز بلند کرینگے۔ اس صوبے میں رہنے والے ہر شخص کو اپنی منشاء کے مطابق لباس کے انتخاب اور عبادت کا حق حاصل ہے اور ہر کسی کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ کیا پہننا چاہتا ہے اور کہاں جانا چاہتا ہے۔ جو رپورٹس ہمیں ملی ہیں اگر یہ درست ہیں تو یہ مخصوص طبقے کو غیر محفوظ کرنے کی کوشش ہے اور ہم کسی طور ایسے کسی عمل کے حق میں نہیں۔ اونٹاریو سے تعلق رکھنے ہر شہری کو حفاظت اور اپنے عقائد پر آزادی سے عمل کا حق حاصل ہے۔

پاکستان ترکمانستان کے ساتھ دوستی کو بہت اہمیت دیتا ہے، صدر مملکت

اسلام آباد (آئی این پی) صدر ممنون حسین نے کہا ہے کہ پاکستان ترکمانستان کے ساتھ دوستی کو بہت اہمیت دیتا ہے اور دونوں ملک عالمی فورمز پر ہم ایک دوسرے کا ساتھ دیتے ہیں۔ انھوں نے یہ بات پاکستان کے دورے پر آئے ہوئے ترکمانستان کے وزیر خارجہ راشد میریدوف سے گفتگو میں کہی جنھوں نے ان سے ایوان صدر میں ملاقات کی۔

فنٹی پلس سینئرز کلب کے اجلاس کا انعقاد، اہم امور پر بات چیت

عائیشہ عالم نے تمام اراکین کو آیندہ کی منصوبہ بندی کے بارے میں اظہار خیال کیا

ٹورانٹو (پ۔ر) مورخہ 15 جنوری بروز پیر 12 بجے 5 منٹ پر فنٹی پلس سینئرز کلب کا معمول کے مطابق اجلاس منعقد ہوا اجلاس سے قبل با جماعت نماز بہت ادا کی گئی۔ شامی رکن فائیز دقاق نے نہایت دلاویز لحن میں تلاوت کلام پاک کی قرات کی اسکے بعد ڈاکٹر محبوب عالم نے مغرب میں مسلمانوں کے بچوں کی حالت زار پر اپنے خیالات کا اظہار کیا انھوں نے کہا کہ "ہمیں اس ملک کینڈا و دیگر مغربی ممالک میں اپنی نوجوان نسل کے بچوں کی تربیت پر خاص توجہ کی ضرورت ہے" انھوں نے دیر تک بہت معلومات افزا خطاب جاری رکھا۔ اسکے بعد لوگوں کے سوالات کے جوابات دیے اسکے بعد۔ کلب کی بانی عائیشہ عالم نے تمام اراکین کو آیندہ کی منصوبہ بندی کے بارے میں اظہار خیال کیا پھر انھوں نے فنڈ ریزنگ کے سلسلہ میں سب سے مشورے طلب کیے لنچ کے بعد ریحانہ خان، فہیم صدیقی اور افضل خان کے ساتھ عائشہ عالم نے دیر تک مشاورتی اجلاس جاری رکھا اور مختلف نکات کو نوٹ کرلیا آخر میں انھوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ مثبت پیش رفت جاری رکھیں گے۔

جنید اختر کے اردو شعری مجموعے ''سودائی سخن'' کی تقریب پذیرائی

گریٹر ٹورانٹو کے شعراء اکرام اور ادب سے تعلق رکھنے والی شخصیات خصوصی طور پر شرکت کرینگی

اونٹاریو (شاف رپورٹر) حلقہ ادب ہملٹن کی جانب سے کینیڈا کے معروف شاعر جنید اختر کے اردو شعری مجموعے ''سودائی سخن'' کی تقریب پذیرائی کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ تقریب کا انعقاد 3 فروری 2018ء بروز ہفتہ برنہم تھروپ کمیونٹی سنٹر مسی ساگا میں کیا جائیگا۔ اس پروگرام کی صدارت ڈاکٹر تقی عابدی کرینگے جبکہ اس تقریب میں گریٹر ٹورانٹو کے شعراء اکرام اور ادب سے تعلق رکھنے والی شخصیات خصوصی طور پر شرکت کرینگی۔ حلقہ ادب ہملٹن کی جانب سے ادبی ذوق رکھنے والے تمام خواتین وحضرات کو تقریب میں شرکت کی دعوت دی گئی ہے۔

24 سالہ فلسطینی شہید

یروشلم (آئی این پی) اسرائیلی فوج کی فائرنگ سے فلسطینی نوجوان شہید ہوگیا۔ فلسطینی حکام نے تصدیق کی ہے کہ اسرائیلی فوج کی فائرنگ سے احمد سلیم نامی ایک 24 سالہ فلسطینی شہید ہوگیا ہے۔ یہ فلسطینی مقبوضہ مغربی کنارے کے علاقے قلقیلیہ کے قریب فلسطینیوں اور اسرائیلی فوج کے درمیان جھڑپوں کے درمیان ہلاک ہوا۔

تھارن کلف سینئر کلب کا تعطیلات کے بعد پہلا اجلاس

کلب کے جنرل سیکریٹری اظہر بخاری نے اراکین کا گرم جوشی سے استقبال کیا کلب میں میوزیکل گروپ کی آمد

ٹورونٹو (پ۔ر) مورخہ 14 جنوری بروز اتوار تھارن کلف سینئر کلب کا موسم سرما کی تعطیلات کے بعد پہلا اجلاس منعقد ہوا کلب کے سیکریٹری اظہر بخاری نے اراکین کا گرم جوشی سے استقبال کیا۔ انھوں نے بزرگ اراکین کو ٹیلی فون کے ذریعہ ہدایت کی کہ جو لوگ سردی سے متاثر ہیں یا آنے میں زحمت محسوس کررہے ہیں وہ بے شک نہ آئیں سخت سردی کے باوجود اراکین نے شرکت کی کچھ جلد چلے گئے کلب میں اک دوسرا گروپ جو صرف خواتین پر مشتمل تھا بنام Diaspora Genius نے شرکت کی یہ گروپ میوزیشنز کا تھا کچھ دیر سب نے مشترکہ نشست کی سب لوگ موسیقی سے لطف اندوز ہوتے رہے۔ بعد میں سینئرز گروپ نے ایک علیحدہ کمرہ میں نشست کا آنتظام کیا جہاں تھارن کلف کے اراکین نے دیر تک علمی ادبی و سیاسی موضوعات پر گفتگو کی۔ کلب کے سیکریٹری اظہر بخاری نے بتایا کہ وہ جلد ایک علمی مذاکرہ کا اہتمام کرنے والے ہیں ایک پروفیسر سے وقت لیا ہے مناسب وقت پر مطلع کیا جائے گا۔ خالد حمید جو حال ہی میں پاکستان کے دورے سے واپس آئے انھوں نے ملک کی سیاسی وسماجی صورت حال سے آگاہ کیا۔ کچھ تر قیاتی کاموں کا بھی ذکر کیا۔ کوآرڈینیٹر افضل خان نے ایک ادبی محفل کے انعقاد کی تجویز پیش کی طے پایا کہ موسم کی بہتری کے بعد اس کا بھی اہتمام کیا جائے گا۔ افضل خان نیئر نے اس موقع پر پاکستان کی مشہور علمی ادبی وسماجی تنظیم جگنو انٹرنیشنل کی سربراہ ایم ذی کنول کا ایک پیغام بھی حاضرین کو سنایا جو انھوں نے تھارن کلف سینئر کلب کی ادبی کاوشوں کے سلسلہ میں اپنی نیک خواہشات کا اظہار کیا تھا۔ حاضرین نے تالیوں سے اظہار مسرت کیا اور ایم ذی کنول صاحبہ کا شکریہ ادا کیا نائب صدر نسیم حسین جوائنٹ سیکریٹری عبدالرزاق چشتی نے موسم کی وجہ سے عدم شرکت پر بذریعہ فون معذرت کا اظہار کیا۔ طارق درانی علالت کے باوجود شریک محفل رہے اجلاس کے اختتام سے قبل سب نے آنیریری سیکریٹری جاوید ظہیر جو کہ مشہور صحافی ہیں اور محمد سلیم کی صحت یابی کے لیے دعا کی سیکریٹری اظہر بخاری نے مہمانوں کی گرما گرم سموسوں اور کافی سے تواضع کی۔

مردانہ کمزوری؟

شرطیہ علاج

(1) مردانہ طاقت کا فولادی نسخہ۔ ایک مہینے کے 350 ڈالر (مکمل کورس کے ساتھ وزن کم کرنے یا زیادہ کرنے کی دوا مفت)

(2) دھات کیلئے نسخہ منی کو گاڑھا کر کے صحت مند SPERMS پیدا کرتا ہے۔ ایک مہینے کے 350 ڈالر (مکمل کورس کے ساتھ طاقت کا شاہی نسخہ مفت)

(3) لمبے عرصے سے غلط کاری کرنے سے پیدا نامردی دور کرنے کا نسخہ ایک مہینے کے 350 ڈالر (مکمل کورس کے ساتھ بالوں کو قدرتی لمبا اور کالا کرنے کا نسخہ مفت)

(4) غلط کاری کرنے سے نفس کمزور ٹھنڈا یا چھوٹا۔ ایک مہینے کا 450 ڈالر (مکمل کورس آرڈر کرنے پر 150 ڈالر والی مشین مفت)

عام بیماریوں کا علاج۔ چہرے کے نشان۔ چھائیاں دور کرنے کا نسخہ۔ وزن زیادہ یا کم کرنے کا نسخہ۔ جوڑوں کا درد۔ کھجلی۔ چنبل۔ بواسیر کے نسخے۔ قد بڑھانے کا نسخہ۔

یاداشت کا نسخہ اور تمام دوسری بیماریوں کیلئے

عورتوں کی مخصوص بیماریوں کے نسخے بھی ہیں

ماہواری کا درد کے ساتھ آنا (لیکوریا۔ سفید پانی۔ بہت زیادہ ماہواری۔ چھاتی کا سوکھ جانا۔ چھوٹا ہونا یا بھاری ہونا۔ بچے دانی کا انفیکشن بھانج پن)

(416)992-5489

MAR 2018

CONCORD TRAVEL SERVICES

MARCH BREAK UMRAH PACKAGES 2018

Good News For Ladies Over 45 Years Age can travel without Mahram

09 - 19 MARCH, 2018

Package Price
1. $2350 (QUAD)
2. $2500 (TRP)
3. $2650 (DBL)

Yunus Pandor
Group Leader

- Departure from Toronto Pearson Airport terminal 3 for Jeddah by Saudi Airlines
- Madinah stay in 5 Star Hotel (with breakfast) 4 Nights
- Ziarah of holy sites in Madinah and Makkah
- Makkah 5 Star hotel (with breakfast) 4 Nights
- Jeddah City Tour on 19th March 2018 (After Makkah checkout & subject to time availability)
- Seminar before departure to Saudi Arabia to educate about process of Umrah followed by a Q & A session
- Free Ahram and books will be provided to pilgrims
- Package price includes Saudi Airlines Ticket, Hotel stay with Breakfast, Ziarah in Makkah & Madinah, Visa Processing, Documents attestation, ground transportation within Saudi Arabia by air conditioned coaches and all taxes.

For Airline Ticket & Visa only: $1450

- At the time of booking need $500.00 non refundable deposit with passport copy and balance to be paid in full by 60 days before departure
- Above prices based on Quad (four in a room) room sharing
- Limited seats available, Call to book your place before you miss the opportunity

FOR MORE INFORMATION PLEASE CONTACT:
Altaf 416-995-2662
M. Ali 416-899-3822 / Qari Inam 647-705-3106
Email: contact@concordtravel.ca

TORONTO CONTACT:
Altaf Khandwala
2 Thorncliffe Pk Dr. Unit # 34
Toronto ON M4H 1H2

MISSISSAUGA CONTACT:
Mohammad Ali Khandwala
469 Hensall Circle, Suite # 9
Mississauga ON L5A 3P4

IATA Tel: 416-425-7440 | Toll Free: 1-866-425-7440 | www.concordtravel.ca tico.ca

STATE FARM INSURANCE

Insurance
Auto - Home - Life

Talk to Fozia Nadeem and see how you can save more

Discounts up to 30% on car insurance

فوزیہ ندیم سے بات کریں اور جانیں آپ زیادہ سے زیادہ بچت کیسے کرسکتے ہیں

Vy To Agent

5805 Whittle Road, Suite 7
Mississauga, ON L4Z 2JI
905 502 0388 Fax: 905 502 7388
fozia.nadeem.rfyl@statefarm.com

Fozia Nadeem
905 502 0388

Like a good neighbor, State Farm is there®

Max Berger Professional Law Corporation

Barrister & Solicitor

Specialist in Pakistani Refugee Cases

Our Office has a very good record in Federal Court Appeals

- Independent Immigration
- Family Sponsorship
- Detention Reviews
- Humanitarian & Compassionate
- Appeals (H&C)
- Work Permits
- Business Immigration
- Refugee Claims
- Visitor Visa
- Student Visa
- Stop Deportation
- PRRA Appeal
- Manitoba, Saskatchewan & P.E.I. Provincial Programs

•Our Friendly & Professional Services Would Make Your Legal Problems Painless & Easy to Solve.

MAX BERGER
B.F.A., L.L.B.
(Barrister & Solicitor)

ٹورانٹو میں سب سے زیادہ پاکستانی رفیوجی کیسوں کی Winning Ratio رکھنے والے Max Berger سے رابطہ کریں
رفیوجی کلیم میں 21 سالہ تجربہ

We deal with All Kind of Immigration Cases and we also accept Legal Aid.

We do all kinds of Federal Court Appeals, PRRA Appeals

TEL: 416-969-9263 TEL: 514-731-1144

TORONTO OFFICE
1033 BAY STREET. SUITE# 207
TORONTO, ONTARIO

MONTREAL OFFICE
507 Place D' Armes, Suite 1200,
MONTREAL, QUEBEC

www.maxberger.ca Email: max@maxberger.ca